روزنامہ نوائے وقت لاہور (3) 29 اکتوبر 2024ء

# Bata

## باٹا پاکستان لمیٹڈ

### نوٹس برائے عبوری نقد منافع منقسمہ برائے سال 31 دسمبر 2024 اور کھاتوں کی بندش کی اطلاع

باٹا پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کے تمام حصص داران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ 24 اکتوبر 2024 کو ہونے والی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ میں 1300 فیصد (130 روپے فی حصص) عبوری منافع منقسمہ کی منظوری دی گئی ہے۔

نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے تعین کے لئے کمپنی کے شیئر منتقلی کا کھاتا 5 نومبر 2024 تا 7 نومبر 2024 (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ تبادلہ حصص کی درخواستیں K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور پر واقع شیئر رجسٹرار (میسرز کورپ لنک پرائیویٹ لمیٹڈ) کے دفتر میں 4 نومبر 2024 کو دفتری اوقات کے ختم ہونے تک وصول کی جائیں گی اور اس وصولی کی بنیاد پر حصص داران کو معینہ عبوری منافع منقسمہ کی ادائیگی کی جائے گی۔

بحکم بورڈ لاہور۔
24 اکتوبر، 2024

امجد فاروق
چیف فنانشل آفیسر

**قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع کروانا:**

سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے ایس آر او 2011(1)779 مورخہ 18 اگست، 2011 کے نوٹیفکیشن اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے تحت کمپنی ممبران/حصص داران، جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع نہیں کروائی ہیں، کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یہ نقول K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور پر واقع شیئر رجسٹرار (میسرز کورپ لنک پرائیویٹ لمیٹڈ) کے دفتر بھجوا دیں۔ موثر قومی شناختی کارڈ کی نقل کی عدم دستیابی اور مذکورہ بالا ایس آر او کی عدم تعمیل پر کمپنی ممکنہ طور پر مستقبل میں قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے منافع منقسمہ کی منتقلی کو روک سکتی ہے۔

**ڈیوڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم:**

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن نمبر 242 کے تحت، تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ براہ راست اپنے اکاؤنٹ میں نقد منافع حاصل کرنے کیلئے اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، اکاؤنٹ نمبر بمع تفصیل جس میں بینک کا نام، پتہ/بینک برانچ کا کوڈ اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) شامل ہوں، فراہم کر دیں۔ لہٰذا ایسے تمام ممبران کو ایک بار پھر سے خبردار کیا جاتا ہے کہ جن کی قومی شناختی کارڈ اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیل ابھی تک موصول نہیں ہوئی، وہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل اور مذکورہ تفصیل کے ساتھ ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم مکمل پُر کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا کمپنی میں جمع کروا دیں۔ قومی شناختی کارڈ اور بینک کی موثر تفصیلات کی عدم دستیابی پر کمپنی ایس ای سی پی کے قوانین پر عمل درآمد کرتے ہوئے منافع کی رقم روکنے کی مجاز ہوگی۔ ڈیوڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر دستیاب ہے۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے والے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹ فارم اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس/سٹاک ہولڈرز کو ارسال کر دیں۔

**منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی:**

منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس کا اطلاق یوں ہوگا:

قانون کے مطابق فائلرز پر انکم ٹیکس ریٹرنز کا 15 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس اور نان فائلرز پر 30 فیصد ٹیکس لاگو ہوگا۔ ایک "فائلر" وہ ٹیکس گزار ہے کہ جس کا نام ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ فعال ٹیکس گزاران کی فہرست ("ATL") میں شامل ہو جبکہ نان فائلر وہ فرد ہے جو فائلر نہ ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے ATL اپ لوڈ کر دی گئی ہے جو www.fbr.govpk پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ کمپنی کھاتے بند ہونے کے پہلے دن مذکورہ فہرست میں ممبران کی حیثیت کا پتہ لگائے گی اور موجودہ ATL میں حصص داران کی حیثیت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس ریٹ کا اطلاق کیا جائے گا۔

کارپوریٹ ممبران سے گزارش ہے کہ جو ممبران سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر ہیں وہ اپنا این ٹی این متعلقہ شرکا کو فراہم کریں۔ وہ ممبران جن کے پاس شیئر سرٹیفکیٹس ہیں، وہ اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی شیئر رجسٹرار کے دفتر K-1 ایم ایس کارپلنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں جمع کروانا ہوگی۔

**مشترکہ حصص داران کے لیے ٹیکس کی کٹوتی کا طریقہ کار:**

ایسے حصص داران جو فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے تحت مشترکہ حصص رکھتے ہیں ("جوائنٹ شیئر ہولڈرز"، ان پر ودہولڈنگ ٹیکس ان کی فائلر اور نان فائلر حیثیت کے مطابق مشترکہ حصص داری میں ان کے حصہ کے تناسب سے الگ الگ عائد کیا جائے گا۔ لہٰذا تمام حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات کے مطابق اپنی پرنسپل شیئر ہولڈنگ اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی تفصیلات شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | حصص کی کل تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد) پرنسپل شیئر ہولڈر | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد) پرنسپل شیئر ہولڈر |

میسرز کورپ لنک پرائیویٹ لمیٹڈ
ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور فون: 042-35916714,35916719، فیکس: 042-35869037

**ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے لیے ٹیکس سے استثنیٰ کا موثر سرٹیفکیٹ:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، سیکشن 150 کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے لیے ٹیکس کا موثر سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ وہ حصص داران جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے IV پارٹ کی شق 47B کے تحت اس ضمن میں اہل ہیں اور ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کھاتے کے بند ہونے کی تاریخ سے پہلے شیئر رجسٹرار کو ٹیکس سے استثنیٰ کے موثر سرٹیفکیٹ کی نقل جمع کروا دیں بصورت دیگر انتہائی ٹیکس لاگو کیا جائے گا جو قانون میں درج ہے۔

**پتے میں تبدیلی یا زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کی اطلاع:**

وہ حصص داران جو شیئر سرٹیفکیٹس رکھتے ہیں، ان کیلئے لازمی ہے کہ وہ شیئر رجسٹرار کے دفتر میں زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ (اگر حاصل ہے) اور گھر میں پتے کی تبدیلی کی بروقت اطلاع دیں۔ اسی طرح وہ حصص داران جو سی ڈی سی میں حصص کے مالک ہیں یا پارٹیسپنٹ اکاؤنٹ رکھتے ہیں ان کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ سی ڈی سی یا اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس/سٹاک ہولڈرز کو زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ (اگر حاصل ہے) اور گھر میں پتے کی تبدیلی کی اطلاع بروقت ارسال کریں۔

**بک انٹری فارم میں فزیکل شیئرز کا تبادلہ:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر 70(2) کے تحت، تمام موجودہ کمپنیز کو اپنے جاری کردہ حصص کو فزیکل فارم (طبعی حالت) میں تبدیل کر کے بک انٹری فارم میں جاری کرنا ہوگا اور ایکٹ کے لاگو ہونے سے چار سال کی مدت کے اندر اندر اس ضمن میں عمل درآمد لازمی ہے۔ مذکورہ سیکشن پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے اور بک انٹری فارم میں حصص رکھنے کی سہولت سے مستفید ہونے کے لیے، ابھی تک فزیکل فارم میں حصص رکھنے والے حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔

**غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس:**

تمام حصص داران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کمپنیز ایکٹ 2017، کے سیکشن 244 اور غیر دعویٰ شدہ حصص، مضاربہ، سرٹیفکیٹس، منافع منقسمہ اور دیگر انسٹرومنٹس کی مد میں اینسٹس ریگولیشنز 2017 کے تحت کمپنیز پر لازم ہے کہ ایسی رقوم وفاقی حکومت اور شیئرز کمیشن کو جمع کروا دیں کہ جو موثر اور واجب الادا ہونے کے بعد تین (3) سال تک لادعویٰ رہیں یا حاصل نہ کی گئی ہوں۔ اس امر کی بابت متعلقہ حصص داران کو بذریعہ نوٹس پہلے ہی آگاہ کر دیا گیا ہے۔